ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆حکومت میں آ کر مدارس کے خلاف کریک ڈاؤن کروں گی۔ (بے نظیر)

خدا کرے! تیرے گھڑے دا پانی کدی نہ مکے!

☆وکلا میرا بیان غلط سمجھے ہوں تو میں معذرت چاہتا ہوں۔ (الطاف حسین)

پان اور اُس پر یہ ویا کھان! واہ! کیا گل کھلاتے ہیں الطاف بھائی!

☆مولانا فضل الرحمٰن بیک وقت پانچ رنگوں کی گیندیں اچھالنے کے ماہر ہیں۔ (بی بی سی)

سڑدا کیوں اے؟

☆سرحد اسمبلی سے استعفے دے دیں۔ (وکلاء کا مطالبہ)

جسٹس کو ووٹ کون دے گا؟ (فضل الرحمٰن)

☆وکیلوں کو سیاست میں نہیں آنا چاہیے۔ جس کا کام اُسی کو ساجھے! (احمد رضا قصوری)

اسی لیے تو آپ کا منہ کالا کیا گیا۔

☆موجودہ حالات میں اسمبلی کی مدت بڑھانا غیر آئینی بے قاعدگی ہوگی۔ (احسن اقبال)

کوئی آئینی بے قاعدگی بھی ہوتی ہے۔

☆بچوں کو بھوک سے تڑپتا دیکھ کر، باپ نے خودسوزی کر لی۔ (ایک خبر)

''ہر قدم خوشحالی کی جانب!''

☆آرٹیکل ۶۲ اور ۶۳ نہ ہو تو کوئی پاگل بھی صدر منتخب ہو سکتا ہے۔ (جسٹس (ر) طارق محمود)

اور اس بند ہوتے ہوئے بازار سے کیا چاہتے ہو!

☆انتہا پسندی کے خلاف جنگ کی قیادت کرنے پاکستان جا رہی ہوں۔ (بے نظیر)

''سیاسی چھپکلی'' اقتدار کے لیے بے کلی ملاحظہ ہو!

☆اسمبلی کی مدت دوبارہ چھ چھ ماہ کے لیے بڑھائی جا سکتی ہے۔ (وزیراعظم شوکت عزیز)

☆اقتدار میں آئی تو عالمی ایٹمی ایجنسی کو ڈاکٹر قدیر تک رسائی دوں گی۔ (بے نظیر)

شرم تم کو مگر نہیں آتی